





# جبری مزدوری ایک جرم ہے

## انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لئے مدد

WE ARE YOUR DOL

NEW YORK STATE | Department of Labor

## اسمگلنگ کے شکار کے لیے دستیاب خدمات

معاشرتی تنظیموں کو متعدد خدمات یا حوالہ جات فراہم کرکے، امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، DOL انسانی سمگلنگ کے متاثرین کی مدد کر سکتا ہے۔

دستیاب خدمات میں شامل ہیں:

- ہنگامی عارضی رہائش
- غذا اور دیگر بنیادی ضروریات۔
- غیر ادا شدہ اجرت کی بازیابی
- ملازمت کی مہارت کی تربیت اور تعیناتی
- امیگریشن اور قانونی امداد
- ریاستہائے متحدہ میں مستقل رہائش کے قیام میں مدد
- دماغی اور جسمانی صحت کی خدمات
- مشاورت
- وفاقی اور ریاستی عوامی فوائد تک رسائی میں مدد
- ترجمہ اور تشریح
- سمگلر کے خلاف مجرمانہ اور/یا شہری کارروائی



انسانی سمگلنگ کے مشتبہ واقعات کی اطلاع دینے کے لئے، رابطہ کریں:

**نیو یارک ریاست محکمہ برائے مزدوری تعمیل اور تعلیم کا ڈویژن (پہلے امیگرنٹ پالیسیوں اور امور کا ڈویژن کے طور پر جانا جاتا تھا)**

ٹیلیفون: 877-466-9757
ای میل: trafficking@labor.ny.gov
ویب سائٹ: www.labor.ny.gov/immigrants

**قومی انسانی سمگلنگ وسائل کا مرکز**

ٹیلیفون: 888-373-7888

**اضافیمعلومات:**
**پولارس پروجیکٹ:** www.polarisproject.org

***ہنگامی صورت میں، 911 پر فوری طور پر کال کریں۔***

WE ARE YOUR DOL

NEW YORK STATE | Department of Labor

@nyslabor | www.labor.ny.gov
1-888-469-7365

نیویارک ریاست محکمہ برائے مزدوری ایک مساوی مواقع کا آجر/پروگرام ہے۔
اعانتی معاونین اور خدمات درخواست پر دستیاب ہیں اور معذور افراد کے لیے
TTY/TDD 711 یا 1-800-662-1220 (انگریزی) / 1-877-662-4886 پر مفت دستیاب ہیں۔

P744 UR (02/24)

## جبری مزدوری کیا ہے؟

جبری مزدوری، جسے ''انسانی سمگلنگ'' کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، ایک سنگین جرم ہے۔ سمگل شدہ لوگوں کو اس بات کا احساس نہیں ہوتا ہے کہ ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ غیرقانونی ہے اور وہ مدد دستیاب ہے۔ **مزدوروں کی سمگلنگ اس وقت ہوتی ہے جب کوئی شخص کسی دوسرے کو اس کی مرضی کے خلاف کام کرنے کے لئے آمادہ کرنے کے لئے طاقت، دھوکہ بازی یا جبر کا استعمال کرتا ہے۔**

**طاقت:** کسی کارکن یا اس کے اہل خانہ کے خلاف جسمانی تشدد، یا جسمانی تشدد کی دھمکیاں

**دھوکہ بازی:** ایک جھوٹا وعدہ جسے پورا کرنے کا سمگلر کا کوئی ارادہ نہیں ہوتا، جیسے کہ گرین کارڈ یا رقم کا وعدہ کرنا۔

**جبر:** کسی کو کام کے لئے مجبور کرنے کے لئے دھمکانا، جیسے کہ امیگریشن یا پولیس کو فون کرکے کسی پر جرم کا جھوٹا الزام لگانے کی دھمکی دینا، یا کسی فرد پر قرض کی ادائیگی کا جھوٹا الزام لگا کر اس سے کام کروانا۔

اسمگلرز**ڈر، ڈرانے، بدسلوکی، اور نفسیاتی حربوں** کا ایک مجموعہ استعمال کرتے ہیں متاثرین کو کنٹرول کرنے کے لیے، جیسے:

**جذباتی بدسلوکی:** کارکن کو دوسروں کے سامنے ذلیل کرنا، نام پکارنا، متاثرہ شخص کو مجرم محسوس کروانا اور صورتحال کے لئے ان پر الزام لگانا۔ سمگلرز اپنی برتری جتانے کے لئے جنس، عمر یا قومیت کی بنیاد پر اپنی خصوصی حیثیت کا حق بھی جتا سکتے ہیں۔ اس کے برعکس، سمگلر کارکن کی تعریف بھی کر سکتے ہیں، انھیں بتا سکتے ہیں کہ وہ ان پر انحصار کرتے ہیں، یا کارکن کو یہ بتا سکتے ہیں کہ وہ ہی ایک واحد شخص ہے جو ان کی پرواہ کرتا ہے یا انہیں ملازمت دے گا اور اس لئے انہیں اس سمگلر کا شکر گزار ہونا چاہئے۔

**تنہائی اور کنٹرول:** سمگلرز کارکن سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ کسی اور سے بات نہ کریں، فون یا کیمرہ کے ذریعہ کارکن کی مسلسل نگرانی کر سکتے ہیں، یا دھمکانے کے لئے ہتھیاروں کا مظاہرہ اور قانون کے نفاذ تک رسائی کا پُر زور دعویٰ کر سکتے ہیں۔ انحصار پیدا کرنے کے لئے کبھی کبھار، بہت کم، یا بالکل بھی ادائیگی نہ کرتے ہوئے، سمگلرز کارکن کی پیسوں تک رسائی کو محدود بھی کر سکتے ہیں۔

## ممکنہ سمگلنگ کی نشاندہی کرنا

انسانی سمگلنگ بہت ساری صنعتوں میں ہو سکتی ہے، بشمول:

- فیکٹریاں، جیسے کہ کپروں کی فیکٹریاں
- کھیت یا زمینی مناظر کی تزئین
- تعمیر
- نجی گھر (جیسے، دایہ اور منتظمین خانہ)
- ریستوراں، بار، ہوٹلز یا دیگر خدمت فراہم کرنے والی صنعتیں
- اسٹرپ کبلس، گلیوں میں موجود جسم فروشی، جعلی مساج پارلرز، ایسکارٹ سروسز، طوائف خانے وغیرہ۔

ایک شخص انسانی سمگلنگ کا شکار ہو سکتا ہے اگر وہ:

- آزادانہ طور پر آ اور جا نہ سکتا ہو
- ان کا اپنے شناختی دستاویزات یا پیسوں پر کوئی کنٹرول نہ ہو۔
- اسے ادائیگی نہ کی جاتی ہو یا بہت کم ادائیگی کی جاتی ہو
- غیر معمولی طور پر طویل اوقات تک کام کرتا ہو
- بڑے یا بڑھتے ہوئے قرض میں مبتلا ہو
- غیرمعمولی طور پر اعلی سیکورٹی یا بہت سارے کیمروں والے مقام پر رہتا یا کام کرتا ہو
- غیر معمولی طور پر بے چین، خوفزدہ، مطیع، افسردہ، گھبراہٹ یا تناؤ کا شکار ہو
- کو توسیع شدہ یا غیر علاج شدہ علالت یا بیماری ہے
- جسمانی یا جنسی بدسلوکی، جسمانی تحمل، قید یا تشدد کی علامتیں ظاہر کرتا ہے

## نیو یارک ریاست شعبہ برائے مزدوری کا انسانی سمگلنگ کے متاثرین کی مدد میں کردار

شعبہ برائے مزدوری کو شکایتیں لینے اور نیو یارک کے مزدوری کے قانون کی خلاف ورزیوں کی تفتیش کرنے کا اختیار ہے جیسے کم از کم اجرت، اوور ٹائم، غیر ادا شدہ اجرت اور غیر قانونیں کٹوتیاں۔ شعبہ برائے مزدوری کے تفتیش کاروں کو کاروبار میں داخل ہونے اور ان کا معائنہ کرنے، کارکنوں کو انٹرویو دینے اور تنخواہوں کے ریکارڈز پر نظرثانی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ شعبہ برائے مزدوری کے عملہ کو ممکنہ سمگلنگ کی نشاندہی کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔ تارک وطن کی پالیسیوں اور امور کا شعبہ، شعبہ برائے مزدوری کے مخالف انسانی سمگلنگ کی کوششوں کے ساتھ مشترکہ طور پر کام کرتا ہے، بشمول:

- انسانی سمگلنگ پروگرام میں NY کے جواب کے لئے حوالہ جات فراہم کرنا۔
- کچھ خاص سنگین اہلیت کے جرائم کے اہل متاثرین کے لئے U یا T ویزا کے لئے اسناد فراہم کرنا، بشمول انسانی سمگلنگ
- کمیونٹی اور کاروباری رسائی کی پیشکشوںکے ذریعہ عوامی آگاہی میں اضافہ کرنا

اگر آپ ہماری کسی بھی خدمات میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو براہ کرم ڈویژن آف کمپلائنس اینڈ ایجوکیشن (جو پہلے ڈویژن آف امیگرنٹ پالیسیز اینڈ افیئرز کے نام سے جانا جاتا تھا) کو **877-466-9757** پر کال کریں یا ای میل کریں trafficking@labor.ny.gov۔

